اجتماع وتمدن پر غور کرنا ان کا علمی فریضہ ہے:

مینا بازار مرتبہ ومصححہ ڈاکٹر محمد احمد صدیقی استاد عربی وفارسی الہ آباد یونیورسٹی تقطیع کلاں ضخامت ۱۳۱ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ:- منیجر اسرار کریمی پریس الہ آباد

اب تو غالباً کم لوگ اس کتاب کے نام سے واقف ہوں گے۔ لیکن ایک زمانہ تھا جب کہ کتاب "وقائع نعمت خان عالی" "انشائے ابوالفضل" اور "سہ نثر ظہوری" کی طرح یہ کتاب ادبیات فارسی کے نصاب درس میں شامل تھی۔ اور گھر گھر پڑھی جاتی تھی۔ اکبر نے جس زنانہ بازار کی طرح نو ڈالی تھی اس کتاب میں اسی کے حالات اس طرح بیان کئے ہیں کہ ہر دوکاندارنی مثلاً عطار، حلوائی، گل فروش۔ سبزی فروش وغیرہن اس کی اپنی شخصیت اور اس کی دکان اور دکان کی چیزوں کی نقاشی اس عہد کی مروجہ زبان واندازِ بیان میں کی گئی ہے۔ ڈاکٹر محمد احمد صاحب نے اسی رسالہ کو محنت اور توجہ سے اڈٹ کر کے شایع کیا ہے شروع میں ایک مفصل مقدمہ ہے جس میں کتاب کی وجہ تسمیہ کی تحقیق مصنف کی تعیین وغیرہ کے مسئلہ کی تحقیق کی ہے اور پھر اصل متن کے بعد رسالہ کا اردو ترجمہ مع تشریحی نوٹوں کے لکھا ہے۔ اب یہ کتاب اس لایق ہے کہ کالجوں اور مدارس عربیہ کے اعلیٰ نصاب فارسی میں شامل کی جائے۔

مقالہ در مسئلہ وحدت الوجود مرتبہ ڈاکٹر محمد احمد صدیقی تقطیع خورد ضخامت ۳۲ صفحات طباعت وکتابت بہتر پتہ:- مطبع اسرار کریمی الہ آباد۔

شیخ اکبر حضرت محی الدین ابن العربی جو اکابر صوفیائے اسلام میں سے ہیں اپنے نظریۂ وحدت الوجود کی وجہ سے مخالفوں کے ہدف مطاعن ہیں۔ شیخ کی حمایت میں جن علماء نے کتابیں لکھیں انھیں میں ایک عالم شیخ مکی نے اب سے ساڑھے چار سو برس پہلے سلطان سلیم خاں بن بایزید خاں کے حکم سے ایک رسالہ فارسی زبان میں لکھا تھا۔ اتفاق سے ڈاکٹر محمد احمد صاحب کو اس رسالہ کا ایک ناتمام نسخہ کہیں سے دستیاب ہو گیا۔ اور ڈاکٹر صاحب نے اس کو مختصر تشریحی نوٹوں کے ساتھ اڈٹ کر کے شائع کر دیا۔ یہ رسالہ وہی ہے جو اگرچہ مختصر ہے لیکن اس سے اصل موضوع بحث کے موافق اور مخالف دونوں